۱۵۔ حَسَن گنگو

بہت دِنوں پہلے کی بات ہے۔ دہلی میں گنگوُ نام کا ایک برہمن رہتا تھا۔ وہ دہلی کے بادشاہ محمد شاہ تغلق کے دربار میں آیا جایا کرتا تھا۔ بادشاہ اوراُس کے درباری گنگوُ کی بڑی عزّت کرتے تھے۔

گنگوُ برہمن کے یہاں ایک نوکر تھا جس کا نام حَسَن تھا۔حَسَن بہت غریب تھا مگر محنتی اور ایمان دار بھی تھا۔ دِن بھر وہ گنگوُ کے کھیت میں کام کرتا تھا۔ اُس کو جو کچھ تنخواہ ملتی، اُسی پر اس کی گُزر بسر ہوتی تھی۔

ایک روز حَسَن کھیت میں ہل چلا رہا تھا۔ اُس کا ہل کسی چیز میں پھنس گیا۔حَسَن کام کرنے سے رُک گیا۔ اس نے زمین کھود کر دیکھا تو وہاں ایک گھڑا تھا۔ وہ گھڑا اشرفیوں سے بھرا ہوا تھا۔

اِتنا بڑا خزانہ پاکر حَسَن کو بے حد خوشی ہوئی مگر اسے خیال آیا کہ یہ خزانہ تو گنگوُ کے کھیت میں ملا ہے۔گنگوُ ہی اُس کا حق دار ہے۔ وہ اشرفیوں کا گھڑا لے کر گنگوُ کے پاس پہنچا۔ اُس نے گنگوُ کو سارا حال سنایا۔ وہ حَسَن کی دیانت داری سے بہت خوش ہوا۔

ایک مرتبہ حَسَن کی دیانت داری کا ذکر گنگوُ نے بادشاہ سے کیا۔ بادشاہ پر بھی اس کا بڑا اثر ہوا۔ اس نے حَسَن کو اپنے دربار میں ملازم رکھ لیا۔ دربار میں بھی وہ بہت محنت اور ایمان داری سے کام کرتا رہا۔

کچھ دنوں بعد بادشاہ نے حَسَن کو دکن کا صوُبے دار بنا دیا۔ دکن میں اس نے لوگوں کے فائدے کے بہت سے کام کیے۔ رعایا اس سے بہت خوش تھی۔

کچھ عرصے بعد حَسَن خود دکن کا بادشاہ بن گیا۔ بادشاہ بننے کے بعد بھی وہ اپنے مالک کو نہ بھوُلا۔ اس نے اپنے نام کے ساتھ اپنے مالک کا نام بھی جوڑ دیا اور حَسَن گنگوُ کہلایا۔

اِتنا زمانہ گزرنے پر بھی اُس کی وفاداری اور دیانت داری لوگوں کو یاد ہے۔

(ماخوذ)

دیکھو، پڑھو، لکھو۔

بادشاہ (با - د - شا - ہ) ....

دربار (دَر - با - ر) ....

محنتی (مِح - نَ - تی) ....

حق دار (حَق - دار) ....

دیانت داری (دِ - یا - نَت - دا - ری) ....

ایمان داری (ای - ما - ن - دا - ری) ....

صوبے دار (صُو - بے - دار) ....

ایک جملے میں جواب لکھو۔

۱) گنگو کے نوکر کا کیا نام تھا؟

۲) حسن کی گزر بسر کس طرح ہوتی تھی؟

۳) حسن کو کھیت میں کیا ملا؟

۴) حسن کی دیانت داری کا ذکر گنگو نے کس سے کیا؟

۵) بادشاہ نے حسن کو کہاں کا صوبے دار بنایا؟

۶) حسن نے اپنے نام کے ساتھ کس کا نام جوڑا؟

جملے درست کرو۔

۱) رہتا تھا ایک برہمن ۔

۲) بہت غریب حسن تھا۔

۳) ہل چلا رہا تھا کھیت میں ۔

۴) بہت وہ ہوا خوش۔

۵) بہت خوش تھی اُس سے رعایا۔

صحیح لفظ چن کر خالی جگہ میں لکھو۔

۱) بادشاہ اور اس کے .... گنگو کی بڑی عزّت کرتے تھے۔ (سرکاری / درباری)

۲) وہ بہت محنت اور .... سے کام کرتا رہا۔ (ایمان داری / چالاکی)

۳) بادشاہ نے حسن کو دکن کا .... بنا دیا۔ (سردار / صوبے دار)

۴) اس کی وفاداری اور .... لوگوں کو یاد ہے۔ (پرہیزگاری / دیانت داری)

❁ چوکون میں صحیح نام لکھو۔

۱) برہمن کا نام ← ☐

۲) دہلی کا بادشاہ ← ☐

۳) اشرفیوں سے بھرا ہوا ← ☐

۴) دکن کا بادشاہ ← ☐

❁ حسن گنگو کے بارے میں سبق میں دیے ہوئے لفظ چوکون میں لکھو۔

حسن گنگو

❁ "حسن محنتی اور ایمان دار بھی تھا۔"

اس جملے میں ایک لفظ 'ایمان دار' آیا ہے، یعنی ایمان والا۔ سبق میں ایسا ہی ایک لفظ صوبے دار ہے۔ اس کے معنی صوبے والا ہیں۔ یہ دونوں لفظ دو لفظوں کے جوڑ سے بنے ہیں: ایمان + دار، صوبے + دار۔ اپنی درسی کتاب سے اس طرح کے دو لفظ تلاش کرو۔

❁ نیچے دیے ہوئے خانوں کے لفظوں کے آخر میں دار لگا کر نئے لفظ بناؤ جیسے : عزّت + دار = عزّت دار

زمین	....
حیا	....
حق	....
دکان	....
مکان	....
سمجھ	....

دار

SUMAQW